لا فتی الا علی لا سیف الا ذو الفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۲	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۳ جمادی الثانی ۱۳۳۸ھ مطابق ۱۵ مارچ ۱۹۲۰ء	نمبر ۱۱

فہرست مضامین

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۲۱ فروری سنہ ۱۹۲۰ء

منظور ہے - حسب صراحت مندرجہ رپورٹ احکام ضابطہ جاری

ہونے کے لئے واپس ہو -

اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر عرض — جناب پیر صاحب — نمبر ساند

جن پونے چار سال کی اڈیٹر نے جانچ کی ہے اُن سالوں میں صرف فیکٹری کی

نفع ہوا ہے دیگر فیکٹریز میں نقصان رہا ہے - امسال چونکہ پیر صاحب کا

تبادلہ ہوا اور فیکٹریز کی انتظامی حالت قابل اطمینان نہ تھی اس لئے فکر ساتھی

کام نہین کیا گیا بلکہ رس فروخت کر دیا گیا۔ آیندہ سال ترقی خواہ کی راے مین شکر سازی کا
کام بدستور جاری رکھنا مناسب ہی کیونکہ کاشتکاران کی بھی متعدد درخواستین آئی ہین
کہ سرکار خود کارخانہ شکر سازی جاری رکھے رس فروخت نہ کیا جاے۔ آیندہ اگر فروخت رس کا
طریقہ جاری رہیگا تو کاشتکاران مین بددلی پیدا ہوگی بشکر فیکٹری کو آیندہ چلانے کیلئے
ضروری ہی کہ کافی مقدار مین ایکھ کی کاشت ہو۔ اور زیادہ مقدار مین رس فراہم ہو
اسکے لئے بدانست ترقیخواہ یہ مناسب ہی کہ رس مین بتفصیل ذیل اضافہ کیجائے
جن مواضعات مین کوؤن سے آبپاشی ہوتی ہی چار روپیہ فی کردہ
جن مواضعات مین نہر سے آبپاشی ہوتی ہی۔ یا آبپاشی کی ضرورت نہین ہوتی دو روپیہ فی کردہ
دوسرے یہ کہ مستاجران کو کافی ہدایت کیجاے کہ خفیہ وعلانیہ کسی طریقہ پر کاشتکار
ایکھ مین مانع نہون کیونکہ تعرض مستاجران کی شکایت آتی ہی کہ وہ ایکھ کی کاشت
نہ کرنے پر کاشتکاران کو آمادہ کر رہے ہین۔ اور چونکہ یہ آخر وقت کاشت ایکھ کا ہی
لہذا انتظام کی ضرورت ہی۔ لہذا عرضداشت ہذا بغرض صدور حکم مناسب ارسال
اجلاس ہمایون ہی۔ دولت و اقبال جاوید باد۔
کاشت ایکھ کی بابت حسب معمول پہلے انتظامات شروع کرا دئے گئے ہین۔

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

تقرر

۳ مارچ سنہ ۱۹۲۰ء

برنا پر رپورٹ منیجر صاحب اسٹیٹ فیکٹریز حسب منشی عرضداشت صاحب
جوڈیشل سکریٹری بہادر۔ تقرر منشی سید تمیز علی بعہدہ سپرنٹنڈنٹ جنرل اسٹور
بشاہرہ پچیس روپیہ ماہوار ۲۵ فروری سنہ ۱۹۲۰ء سے منظور فرمایا گیا۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

واقع ۶ مارچ سنہ ۱۹۲۰ء

تحصیل شاہ آباد کی کاغذات سے واضح ہی کہ نمبرداران جو مواضعات مین مقرر کئے جاتے ہین
اور انکی عوض جو تحصیل مین رکھے جاتے ہین ان تقرر عوضان نمبرداران کی کوئی مثل باقاعدہ
مرتب نہین ہوتی ہی جو بالکل بے قاعدہ ہی نہین معلوم کہ دیگر تحصیلات مین کیا عمل ہی لیکن
جو سپاہیان نمبرداران پر تعینات ہون انکی عوضیان کی مثل ہر تحصیل مین باضابطہ مرتب
ہونا چاہیئے۔ اور ختم نمبرداری و علحدگی عوض پر وہ مثل داخل دفتر ہونا چاہیئے۔ اور داخل
دفتر کے واسطے اسنال با اجلاس حاکم صاحب صدر حسب ضابطہ بھیجی جایا کرین۔ حکم ہوا کہ
جملہ تحصیلداران کو برائے تعمیل باجرائے احکام اطلاع دیجائے۔ ایک نقل حکم بخدمت حاکم صاحب صدر
مرسل ہو۔ ایک نقل ذیل کے اجلاس مین چسپان ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۳ مارچ سنہ ۱۹۲۰ء

منشی حشمت علیخان اہلمد دیوانی مشاہرہ دس روپیہ ماہوار کا انتقال ہوگیا لہذا انکا نام تاریخ فوت سے
خارج کیا جاے۔ بجا متوفی مذکور منشی ارشد علی اردلی عدالت ... بشاہرہ پندرہ روپیہ ماہوار بجائے
اہلمد بعہدہ مذکور کیا جاے۔ اور بجلئے ارشد علی اردلی مشتاق احمد خان امیدوار عدالت دیوانی کی تنخواہ پر
کئے جائین۔ بعد مدت چھ ماہ منشی صاحب دیوانی رپورٹ کرین اور اب بلحاظ تاریخ جارج لئے گئے
اہلمد کو نہین ملیگا۔ حکم ہوا کہ احکام ضابطہ جاری ہون۔

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

واقع ۲ مارچ سنہ ۱۹۲۰ء

حسب نقل روبکار اجلاس ہمایون حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم مورخہ ۲ مارچ سنہ ۱۹۲۰ء جو دربارہ تقرر سید احمد جعفر
بعہدہ افسر کارخانجات و چنانچہ جات بشاہرہ پچیس روپیہ ماہوار و تجویز حضور تمام کارخانجات
بنام محمد عبد القادر خان صاحب افسر کارخانجات موجودہ
افسر صاحبان کارخانجات کے متعلق جو کارخانجات انکی تفصیل فہرست نمبر ۱ شامل ہی آیندہ حسب
متعلق جو صیغہ جات مرتب کئے انکی بابت فہرست مفصل نمبر ۲ شامل ہی۔ اور فہرست نمبر ۲ کی نقل شامل ہوکر
صدور احکام ضابطہ جاری ہون۔ بدر خانہ کا ذکر ان کاغذ مین نہین ہی اسکی بابت عرضداشت علحدہ پیش ہوگی۔

نقل فہرست کارخانجات و کام جو آیندہ محمد عبد القادر خان صاحب افسر کارخانجات کے متعلق ہونگے

صیغہ دیہات ساجری حبیب گنج و کھجوری و دیگر	محمد عبد القادر خان صاحب کے متعلق رہیگا
موردیخانہ [1]	تیاری وردی ملازمان [2] گزر پیشہ وغیرہ
جانچ جملہ خرچ کارخانجات	جانچ نرخ اشیا قابل خرید
صیغہ جات نمبر ۱ لغایت نمبر ۲ منشی محمود شاہ صاحب افسر کارخانجات کے متعلق تھے اب بر آیندہ محمد عبد القادر خان صاحب سے متعلق کئے گئے۔	

باغات [1] — متفرق احکام و تعمیلات متعلق صیغہ اوقاف وغیرہ [2]

صیغہ جات نمبر ۱ لغایت نمبر ۲ منشی حبیب الرحمن خان اسسٹنٹ افسر کارخانجات سے
متعلق تھے اب محمد عبد القادر خان صاحب کے متعلق رہینگے۔

ضمیمہ گزٹ ریاست رامپور نمبر ۱۱

مطبوعہ ۱۵ مارچ سنہ ۱۹۲۰ء جلد

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۸ لغایت ۱۴ مارچ سنہ ۱۹۲۰ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۴۰ ار ۴۵ ار ۵ ار	۴۰ ار	•	۵ ار	•	۵ ار	
نخود خالص	۴۰ ر	۴ ار	•	۴ ار	•	۴۰ ار	
نخود کسہ آمیز	۵ ر	•	•	۷ ار	•	۵ ار	
کسہ	۵۰ ار	•	•	۷ ار	•	۵ ار	
ماش	۴۰ ار	۵ ار	•	۴۰ ار	•	۴ ار	
مونگ	۴ ار	۵ ار	•	۴ ار	•	۳ ار	
مکا	۹ ار ۷ ار	۸۰ ار	•	۱۰ ار	•	۹ ار	
جئی	•	•	•	•	•	۷ ار	
گوجئی	۷ ار	•	•	•	•	۶ ار	
عدس	۵ ار	۹ ار	•	•	•	۵ ار	
ارہر	۴۰ ار	•	•	•	•	+	
برنج	۳۰ ار ۴۰ ار	۳ ار	•	۴ ار	•	۴ ار	
روغن زرد	۷ چھٹانک	۶ رار	•	۱۱ رار	•	۱۰ ار	
روغن سیاہ	۱ ار	۱۱ ار	•	۱ ار	•	۱ ار	
روغن کنجد	۲ ار	۱ ار		۲ ار		۲ ار	
نمک سانبھر	۱۱ ار	۹۰ ار		۹ ار		۱۰ ار	
نمک لاہوری	۷ ار	۸ ار		۵ ار		۷ ار	
قند سیاہ	۵ ار	۵ ار		۵۰ ار		۳۰ ار	
باجرہ	۷ ار ۷۰ ار	۷ ار		•	•	•	